## سوال

(279) وتر میں قنوت بعد الرکوع کی دلیل

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وتر میں قنوت بعد الرکوع کی دلیل تحریر فرمائیں نیز اس کی ہیئت کے بارے میں تحریر فرمائیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دعائے قنوت ''اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ فِیْمَنْ هَدَیْتَ'' الخ والی حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی حدیث کے بعض طرق میں لفظ ''اَنْ اَقُوْلَ اِذَا فَرَغْتُ مِنْ قِرَأَتِیْ فِی الْوِتْرِ'' پر ارواء الغلیل میں بحث کرتے ہوئے شیخ البانی حفظہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ لکھتے ہیں:

«فَاِنَّ قَوْلَہٗ: 'اَنْ اَقُوْلَ اِذَا فَرَغْتُ مِنْ قِرَائَتِیْ فِی الْوِتْرِ'' ظَاہِرٌ قَبْلَ الرُّکُوْعِ، لٰکِنْ رَوَاہُ الْحَاکِمُ ۳/۲، وَعَنْہُ الْبَیْہَقِیُّ ۳/۳۸-۳۹ مِنْ طَرِیْقَیْنِ آخَرِیْنَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ الشَّعْرَانِیّ بِہٖ بِلَفْظِ: اِذَا رَفَعْتُ رَاْسِیْ، وَلَمْ یَبْقَ اِلاَّ السُّجُوْدُ۔ فَہٰذَا خِلاَفُ الرِّوَایَۃِ الْاُوْلٰی فاﷲ اعلم۔

وَالْاِسْنَادُ حَسَنٌ رِجَالُہٗ ثِقَاتٌ رِجَالُ الْبُخَارِیْ غَیْرَ الشَّعْرَانِیْ قَالَ الْحَاکِمُ ثِقَۃٌ لَمْ یُطْعَنْ فِیْہِ بِحُجَّۃٍ۔ وَکَاَنَّہٗ لِذٰلِکَ قَالَ عَقْبَ الْحَدِیْثِ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، اِلاَّ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرِ بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ قَدْ خَالَفَ اِسْمَاعِیْلَ بْنَ اِبْرَاہِیْمَ بْنِ عُقْبَۃَ فِیْ اِسْنَادِہٖ: ثُمَّ سَاقَہٗ عَنْہُ عَنْ مُوْسٰی بْنِ عُقْبَۃَ ثنا اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنْ یَزِیْدَ (کَذَا فِیْ ہٰذَا الْمَوْضِعِ مِنَ الْاِرْوَائِ، وَالصَّوَابُ: برید بن أبی مریم: کما فی المواضع الأخری منه) بْنِ اَبِیْ مَرْیَمَ عَنْ اَبِی الْحَوْرَائِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ بِہٖ نَحْوَہٗ وَسَیَأْتِیْ لَفْظُہٗ بَعْدَ الْحَدِیْثَیْنِ ثُمَّ رَأَیْتُ الْحَافِظَ ابْنَ حَجَرٍ قَالَ فِی التَّلْخِیْصِ (۹۴) بَعْدَ اَنْ سَاقَ رِوَایَۃَ الْحَاکِمِ ہٰذِہٖ۔

(تنبیہ) یَنْبَغِیْ اَنْ یُتَاَمَّلَ قَوْلُہٗ فِیْ ہٰذِہِ الطَّرِیْقِ: اِذَا رَفَعْتُ رَاْسِیْ وَلَمْ یَبْقَ اِلاَّ السُّجُوْدُ فَقَدْ رَاَیْتُ فِی الْجُزْئِ الثَّانِیْ مِنْ فَوَائِدِ اَبِیْ بَکْرٍ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ مِہْرَانَ الْاَصْبَہَانِیْ تَخْرِیْجَ الْحَاکِمِ لَہٗ قَالَ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْنُسَ الْمُقْرِیْ قَالَ ثنا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَیْہَقِیُّ۔

قُلْتُ فَذَکَرَہٗ بِسَنَدِہٖ وَلَفْظِ ابْنِ مَنْدَۃَ، وَفِیْہِ الزِّیَادَۃُ وَابْنُ یُوْنُسَ الْمُقْرِیْ تَرْجَمَہُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِہٖ (۳/۴۴۶) وَوَثَّقَہٗ، وَلِہٰذَا مَالَتْ نَفْسِیْ اِلٰی تَرْجِیْحِ ہٰذَا اللَّفْظِ بَعْدَ ثُبُوْتِ ہٰذِہِ الْمُتَابَعَۃِ، واﷲ اعلم انتہی کَلَامُ الْاَلْبَانِیْ (۲/۱۶۸-۱۶۹)''۔

''اس ساری عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ قنوت وتر بعد الرکوع ثابت ہے'' دعائے قنوت بعد الرکوع در وتر میں بھی ہاتھ اٹھانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت نہیں البتہ قنوت نازلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہاتھ اٹھانا بعض روایات میں موجود ہے۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص224

محدث فتویٰ